کپاس کی فصل میں لکڑیوں پر بھی عشر ہوگا یا نہیں؟

مجیب: مولانا ذاکر حسین عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1941

تاریخ اجراء: 12صفر المظفر1445ھ /30اگست2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ہم کپاس (روئی) کی فصل لگاتے ہیں، جب فصل تیار ہو جاتی ہے تو اس میں سے کپاس نکال لیتے ہیں اور لکڑیاں باقی رہتی ہیں تو کیا ان لکڑیوں پر بھی عشر ہو گا یا نہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

فصل سے جو چیز مقصود ہو اس پر عشر لازم ہو تا ہے، اس کے علاوہ جو چیزیں مقصود نہ ہوں ان پر عشر لازم نہیں ہو تا۔ کپاس کی فصل میں مقصود کپاس ہو تا ہے، اس کی لکڑیاں نہیں لہٰذا کپاس کی لکڑیوں پر عشر لازم نہیں۔ ہاں کپاس میں عشر لازم ہے اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر فصل کو بارش یا نہری پانی سے سیر اب کیا تو مکمل عشر یعنی دسواں حصہ لازم ہے اور اگر آلات مثلاً: ڈول یا فی زمانہ ٹیوب ویل کے ذریعے پانی حاصل کر کے زمین کی آبپاشی کی تو نصف عشر یعنی کل پیداوار کا بیسواں حصہ واجب ہو گا اور اگر کچھ دن بارش کے پانی سے اور کچھ دن ٹیوب ویل وغیرہ سے سیر اب کیا تو اگر اکثر دن بارش کے پانی سے سیر اب کیا تو عشر لازم ہو گا اور اگر اکثر دن ٹیوب ویل وغیرہ آلات سے سیر اب کیا تو نصف عشر لازم ہو گا۔ یونہی اگر نہری پانی اور آلات یعنی ٹیوب ویل وغیرہ دونوں سے برابر برابر مدت تک سیر اب کیا تو راجح قول کے مطابق نصف عشر لازم ہو گا۔

نوٹ: مکمل عشر ہو یا نصف، مصارف و اخراجات نکالے بغیر پوری پیداوار پر لازم ہو گا، اخراجات منہا کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

کپاس کے پودوں پر عشر نہیں، اس حوالے سے متن تنویر الابصار و شرح در مختار میں ہے: ”(الا فی) ما لا یقصد به استغلال الارض (نحو حطب) و شجر قطن۔ ملخصا“ مگر وہ چیزیں کہ جن سے زمین کے منافع حاصل

کرنا مقصود نہ ہو (اس میں عشر واجب نہیں) جیسے لکڑی یا کپاس کا درخت۔ (متن تنویر الابصار و شرح در مختار، ج3، ص315، مطبوعہ: کوئٹہ)

در مختار کی عبارت (و شجر قطن) کے تحت علامہ شامی علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں: "اما القطن نفسه ففيه العشر كما مر ط۔" بہر حال خود کپاس میں عشر لازم ہے، جیسا کہ گزرا، ط۔ (در مختار مع رد المحتار، ج03، ص315، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net